روے دعوت، خوے دل نوازی، جوے تنظیم

74

توسیع دعوت کا نتیجہ توسیع تنظیم کی صورت میں نکلنا ضروری ہوتا ہے۔ دعوت پھیلے اور تنظیم سکڑے، یہ عمل زیادہ دیر متضاد سمتوں پر قائم نہیں رہ سکتا ہے۔ تنظیم میں توسیع کی گنجایش نہ ہو تو دعوت کا عمل پہلے سست ہو جائے گا اور بالآخر رک جائے گا۔ تنظیم کو توسیع کے لیے سازگار بنانا کسی بھی دعوتی منصوبے کا لازمی حصہ ہونا چاہیے۔

توسیع دعوت اور توسیع تنظیم میں رشتہ کیسے استوار ہوسکتا ہے؟ اس سلسلے میں بے شمار دوسرے اسباب کے ساتھ اہم ترین ذریعہ ہر سطح پر اصحاب امر کا نئے افراد کے ساتھ ذاتی تعلق ہوتا ہے۔ یہ وہ واحد ذریعہ ہے جو نئے افراد کو تنظیم میں پرو دیتا ہے۔ اصحاب نظم ذاتی تعلقات کے ذریعے نئے افراد کو توسیعِ تنظیم کے عمل میں شامل کر لیتے ہیں اور ان کے برارہ راست تنظیم سے تعلق اور واسطے کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔

۱- نئے افراد کی تنظیم میں شمولیت اور اجتماعیت میں سرگرمی کے لیے ذمہ داران مرکز و محور ہوتے ہیں۔ وہ تنظیم کی پہچان ہوتے ہیں۔ ان کی مسکراہٹ اور گرم جوشی تنظیم کی مسکراہٹ اور گرم جوشی بن جاتی ہے۔ ان کا نئے افراد سے ملنے کے رویے میں انحراف اور اُکتاہٹ، تنظیم سے نئے افراد کو لاتعلق کر دیتی ہے۔ جذباتی سطح پر اخلاص، خیرخواہی پر مبنی تعلقات نئے افراد کو کھینچ کر قریب لے آتے ہیں۔

۲- ذمہ داران تنظیم کے فکری ترجمان ہوتے ہیں۔ وہ دلائل کی سطح پر، علمی انداز میں عقلی رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ مسائل کو حل کرتے ہیں۔ اطمینان اور شرح صدر منتقل کرتے ہیں۔ روایات کے پاسبان ہوتے ہیں۔ نئے آنے والے ذمہ داران کے جلو میں اپنے آپ کو سب سے زیادہ خوش دیکھتے ہیں۔

۳- نئے افراد اور ذمہ داران کا یہ رشتہ خود بخود تنظیم کی وسعت کا سبب بن جاتا ہے۔ نئے افراد نئی صلاحیتوں کے ساتھ اور نئے جذبے کے ساتھ متحرک ہوتے ہیں۔ اس طرح تنظیم کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ وسعت نظری، وسیع القلبی اور الفت و قربت پر مبنی خوے دل نوازی روے دعوت کو جوے تنظیم میں منتقل کر دیتی ہے۔

۴- تحریکی مزاج اور تنظیمی اقدار کو تسلسل اور استحکام ملتا ہے۔ نئے افراد کا کھلے دل سے استقبال اور صلاحیتوں کا صحیح استعمال پرانے افراد کا ایک اہم کام ہے۔ یہی تحریکی مزاج ہے اور اسی پر تنظیم کا دارومدار ہے۔

۵- دعوتی نوعیت کی تنظیم میں ذمہ داران کا یہ فرض ہے کہ وہ نئے اور پرانے کی تفریق پیدا نہ ہونے دیں۔ ایک ایسا ماحول قائم کریں جس میں پرانے افراد وقت گزرنے کے ساتھ آگے بڑھیں اور نئے افراد کو شامل ہونے پر کسی تنگی یا مشکل کا احساس نہ ہو۔

۶- قیادت کے لیے ضروری ہے کہ وہ کسی کام کے لیے فرد کا انتخاب کرتے ہوئے نئے اور پرانے افراد دونوں کو یکساں موقع دے اور دونوں ایک دوسرے کے لیے خیرخواہی اور اخلاص کا رویہ اپنائیں۔

سنابل العلم